جناب ڈاکٹر محمد حمید اللہ (مقیم پیرس) کا ایک مکتوب

ایک غلطی کی تصحیح

پارلیس ۱۹ر جمادی الاولیٰ ۱۴۱۱ھ ۷ر دسمبر ۱۹۹۰ء

محترم جناب اڈیٹر صاحب ماہنامہ "الشریعۃ"، گوجرانوالہ

سلام مسنون و رحمۃ اللہ و برکاتہ'۔ آپ کا دسمبر کا شمارہ ابھی ابھی ملا ہے۔ ممنون ہوں۔ جزاکم اللہ فی الدارین خیرا۔

بہت ادب سے التجا ہے کہ یہ خط آپ کے رسالے میں جلد سے جلد شائع فرمائیں کہ قرآن مجید کی اس میں نادانستہ تحریف ہو گئی ہے۔

اس کے صفحہ (۳۶) سطر (۴) میں چھپا ہے: "اور بالمؤمنین رؤف الرحیم"، میں نے "رؤف رحیم" لکھا ہے، "الرحیم"، نہ معلوم کس نے لکھا ہے جو نہ قرآن مجید میں ہے اور نہ عربی صرف نحو کے لحاظ سے صحیح۔ (ملاحظہ ہو اواخر سورۂ توبہ، آیت (۱۲۸)۔

یقین ہے کہ آپ کا بھی یہی اصول ہے کہ مؤلف سے اتفاق نہ ہو تو مدیر حاشیے میں تصحیح و تردید کر سکتا ہے۔ اصل مندرجہ عبارت کو نہیں بدلتا۔ خاص کر اس طرح کے مضمونوں میں جیسا کہ زیر بحث مقالہ ہے۔

الفقیر الی اللہ
محمد حمید اللہ

اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْنَ

مدرسہ انوار العلوم، مرکزی جامع مسجد گوجرانوالہ کے مہتمم مولانا قاضی حمید اللہ خان صاحب کی والدہ محترمہ قضائے الٰہی سے انتقال کر گئی ہیں۔ قارئین ان کے لئے مغفرت کی دعا فرمائیں۔

(ادارہ)

دعائے صحت

مدرسہ نصرۃ العلوم گھنٹہ گھر گوجرانوالہ کے مہتمم اور گوجرانوالہ کے معروف عالمِ دین مولانا صوفی عبد الحمید سواتی اور مولانا عبد القیوم ہزاروی کی آنکھوں کا آپریشن ہوا ہے۔ قارئین ان کی صحت کے لیے خصوصی دعا فرمائیں۔

(ادارہ)